http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر | پیر 05 اکتوبر 2026ء 21 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 31

وزیراعظم کی محسن نقوی سے ملاقات
خیبر پختونخوا اسکیورٹی صورتحال سنگین، سخت فیصلوں پر غور

وزیر داخلہ کے رابطے، صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے مذاکرات کے حوالے سے حکومتی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا

سہیل آفریدی نے مذاکرات سبوتاژ کرنیکی کوشش کی، ہمارا مسئلہ سیاسی نہیں دہشت گردی تھا، چاہتے تھے کہ کے پی حکومت دہشتگردی معاملے پر ہمارے ساتھ کھڑی ہو، محسن نقوی

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات ہوئی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال سمیت خیبر پختونخوا کی امن و امان اور سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا حکومت سے ہونے والے مذاکرات پر وزیراعظم کو آگاہ کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت تحریری معاہدے پر دستخط اور 72 گھنٹوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

لکی مروت، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان میں فورسز کارروائی، سرغنہ سمیت 8 دہشت گرد ہلاک

دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر فورسز کی بڑی کارروائی، فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی ہلاک ہو گئے

غیر ملکی کرنسی، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

پشاور، اسلام آباد (آئی این پی) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں عزم استحکام ویژن کے تحت کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی، آپریشن کے دوران ہلاک ہونے والوں میں فتنہ الخوارج کے 3 اہم سرغنہ بھی شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہیکہ سکیورٹی فورسز عزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وزیر داخلہ محسن نقوی کے ماموں کی وفات پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بھتہ ٹیکس اور مہنگائی کے خلاف تحریک جاری، 7 اکتوبر لائحہ عمل کا اعلان ہوگا، حافظ نعیم

پاکستان، ترکی اور سعودی عرب پر مشتمل دفاعی معاہدہ خوش آئند، ایران، بنگلہ دیش و دیگر مسلم ممالک کو بھی شامل کیا جائے

جماعت اسلامی نے پوری دنیا کے سامنے اسرائیلی مظالم کو بے نقاب کرنے میں کردار ادا کیا، مفتی ڈاکٹر محمود یوسف الشوبکی

کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم و دیگر غزہ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی (نمائندہ شہر نامہ جماعت اسلامی کراچی کے تحت امریکی پشت پناہی میں جنگ بندی کے باوجود غزہ میں جاری اسرائیلی دہشت گردی و جارحیت، فلسطینیوں کی نسل کشی کے 3 سال مکمل ہونے پر، اہل غزہ و فلسطین سے بھرپور اظہار یکجہتی کے لیے شاہراہ قائدین پر عظیم الشان و تاریخی "غزہ مارچ" کا انعقاد کیا گیا۔مارچ میں بچے، بوڑھے، خواتین، مرد سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔مارچ کا باقاعدہ آغاز قاری منصور کی تلاوت کلام پاک سے کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

لانگ مارچ میں دہشتگردوں کے شامل ہونیکا خدشہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں سے نکلے قافلوں کی آڑ میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے شامل ہونے کے خدشات سر اٹھانے لگے ہیں۔ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ریاض کو نشانہ بنانے کے حوثی دعوے گمراہ کن، ترجمان عرب اتحاد

صنعا (آئی این پی) یمن میں قانونی حکومت کی حمایت کرنے والے اتحاد نے حوثی ملیشیا کے اس دعوے کو گمراہ کن قرار دیا ہے جس میں انہوں نے سعودی دارالحکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کے پی حکومت سیاسی فائدے کیلئے بدامنی استعمال کر رہی، طلال

بیرونی پراکسیز اور سیاسی عناصر کے درمیان گٹھ جوڑ کی کوششیں کی جا رہی ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لیے بیرونی پراکسیز اور سیاسی عناصر کے درمیان گٹھ جوڑ کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ پریس کانفرنس میں طلال چوہدری نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے ایک اہم آپریشن کے دوران گزشتہ 8 سال سے افغانستان سے قبائلی علاقوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

یک طرفہ مطالبات مسلط کرنیکا دور ختم ہو چکا، ایران

اسلام آباد مفاہمت کی 7 شرائط پوری ہونے تک آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائیگی: قالیباف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا نے حال ہی میں ٹاسٹوں کے ذریعے ایران کو کچھ تجاویز پیش کی ہیں، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

PHILIP MORRIS (PAKISTAN) LIMITED
TEVTA
GOVERNMENT OF THE PUNJAB

Apprenticeship Program

Philip Morris (Pakistan) Limited invites applications for Apprenticeship Training Program under the Punjab Apprenticeship Act 2021 at the Sahiwal factory.

Trade	Qualification	Age Limit	Training Period	Location
1) Plant Process Operator 2) Electrician (General)	DAE-Electrical/ Mechanical	28 Years on 31st December 2026	2 Years	Sahiwal

Interested candidates may send their applications to:
Labour Relations Department
Philip Morris (Pakistan) Limited
GT Road Ada Qadirabad
Sahiwal

Note:
1) Last day for application is **18th October 2026** Applications received after this date will not be entertained
2) Please clearly mark the envelope with "Apprenticeship Program"
3) Please send application on prescribed format along with the following attested documents
   a) Four passport-size photographs
   b) Copy of Diploma with marks sheet and matriculation certificate
   c) Copy of CNIC

Application Data Form

Name: _____
Date of Birth: / / / (dd/mm/yy)
Age: _____ CNIC No: _____
Contact Details:
Mobile No.: _____ Other contact No.: _____
Postal Address: _____
_____
Academic Qualification:

Certificate	Marks Obtained	Total Marks	Percentage	Division/Grade	Passing Year	Board

Under The Punjab Apprenticeship Rules 2024, the selected candidates will be required to sign an Apprenticeship Contract with the Company.

تحریک انصاف اپنی دو غلی پالیسیوں سے دستبردار ہونے پر آمادہ نہیں، عطاء تارڑ

یہ فائدے پاکستان سے لیتے ہیں اور حمایت افغانستان کی کرتے ہیں، یہ دوہرا معیار نہیں چل سکتا

خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے پھیلاؤ کی ذمہ دار ہے، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا وطیرہ رہا ہے کہ یہ بات چیت کے لئے آتے ضرور ہیں مگر دوہرے معیار اور منافقت کے ساتھ اپنی دوغلی پالیسیوں کو ترک کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے، یہ یوٹرن لینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مذاکرات رک گئے، لانگ مارچ شروع

حکومت الرٹ، آفریدی کی کرسی خطرے میں

ہم جی جناب والے نہیں ہیں نہ گورنر راج اور نہ ایمرجنسی مانتے ہیں، خیبر پختونخوا میں حکومت عمران خان کی ہے، وزیراعلیٰ کے پی کا لکی مروت میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب

خیبر پختونخوا کو دہشگردی اور تباہی سے بچانے کے لیے آئینی دائرہ کار میں مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، گورنر کے پی اور وزیر داخلہ ملاقات میں اتفاق

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے لکی مروت کے علاقے گنڈی چوک سے لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کو نہیں مانتے، خیبر پختونخوا میں حکومت عمران خان کی ہے۔وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے گنڈی چوک لکی مروت میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایک سیاسی قوت اور سیاسی جماعت ہیں، کل جو ہمارا کرائی کمیٹی اسلام آباد گئی وہ سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کے لیے گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایک مائنڈ سیٹ جو بند کمروں میں فیصلے کرتا ہے، کل وہ ایک اور فیصلہ اپ پر مسلط کرنے جا رہا تھا، یہاں پر عمران خان کی حکومت ہے اور یہاں عمران خان کا وژن اور پالیسی ہی چلے گی، ہم کسی ایسی پالیسی کو نہیں مانتے جس میں پختونوں کا نقصان ہو، خیبر پختونخوا میں راج صرف عمران خان کا ہوگا، ہم جی جناب والے نہیں ہیں نہ گورنر راج اور نہ ایمرجنسی مانتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ یہاں کوئی آپریشن نہیں ہوگا، ہم پہلے بھی باغی تھے اور آج بھی باغی ہیں، وفاقی حکومت کو 22 سال سے ہمارے صوبے کو لیبارٹری بنائی ہیں، ہم پر زبردستی آپریشن لاگو کیا گیا، ان لوگوں نے دوبارہ یہاں دہشت گردی نافذ کی ہے ہم یہ آگ بجھائیں گے۔سہیل آفریدی نے شرکا سے کہا کہ 79 سال سے مسلط ایک مائنڈ سیٹ کل آپ پر آپریشنز کی ایک اور پالیسی مسلط کر رہا تھا، حکومت خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کو کھلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پشاور، اسلام آباد (اے پی پی): گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان گورنر ہاؤس پشاور میں ہونے والی ملاقات میں صوبائی سطح پر متعدد اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے صوبہ میں بڑھتی بدامنی، سیاسی صورتحال اور لانگ مارچ سے پیدا صورتحال کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ ملاقات میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ لانگ مارچ کے دوران دہشت گردوں کو سکیورٹی چیک پوسٹوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صوبے میں بڑھتی بدامنی، سیاسی صورتحال اور لانگ مارچ کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ صوبے کو دہشت گردی اور تباہی سے بچانے کے لیے آئینی دائرہ کار میں مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔اتوار کو گورنر آفس سے جاری بیان کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صوبے میں بڑھتی بدامنی، سیاسی صورتحال اور لانگ مارچ کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ صوبے کو دہشت گردی اور تباہی سے بچانے کے لیے آئینی دائرہ کار میں مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ہم جی جناب والے نہیں ہیں نہ گورنر راج اور نہ ایمرجنسی مانتے ہیں، خیبر پختونخوا میں حکومت عمران خان کی ہے، وزیراعلیٰ کے پی کا لکی مروت میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب

لانگ مارچ کو اسلام آباد میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا، رانا ثنا اللہ

مذاکرات کا بنیادی محور خیبر پختونخوا میں امن و امان اور دہشت گردی کی صورت حال تھا، حکومت نے لچک دکھائی

مطالبہ تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف مؤثر کردار ادا کرے، تاہم اپوزیشن تعاون پر آمادہ نہیں ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کو اسلام آباد کی حدود میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔پارلیمنٹ ہاؤس میں مذاکرات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کے سیاسی امور پر مشیر رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ مذاکرات کا بنیادی محور خیبر پختونخوا میں امن و امان اور دہشت گردی کی صورت حال تھا۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

عراق کا آبنائے ہرمز سے 20 لاکھ بیرل خام تیل منتقلی کا اعلان

کئی دہائیوں میں یہ کمپنی کی جانب سے اس نوعیت کی پہلی کارروائی ہے، رپورٹ

بغداد (آئی این پی) عراق کی آئل مینکر کمپنی نے ایک بڑے آئل مینکر کے ذریعے ملک کا 20 لاکھ بیرل خام تیل آبنائے ہرمز کے راستے منتقل کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کمپنی کے جنرل مینیجر علی قیس عبدالجبار نے ایک بیان میں کہا کہ گذشتہ کئی دہائیوں میں یہ کمپنی کی جانب سے اس نوعیت کی پہلی کارروائی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس کا مطلب ہے کہ عراق اب خام تیل کو آبنائے ہرمز کے راستے براہِ راست منتقل کرے گا اور اسے معمول کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

لاہور، من مانی قیمتوں پر ایل پی جی کی فروخت، شہریوں کو مشکلات

لاہور (آئی این پی) لاہور میں ایل پی جی سرکاری نرخوں کے بجائے من مانے داموں فروخت ہونے لگی، شہری مہنگی ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہیں۔ اوگرا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

pti نے معاہدہ پر رضامندی کے بعد انکار کیا، شیری رحمان

مسودے میں 4 مرتبہ تبدیلی لیکن بعض امور پر اتفاق رائے نہ ہوسکا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے کئی مرتبہ معاہدے پر رضامندی ظاہر کرنے کے بعد اس سے انکار کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو میں شیری رحمان نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کے دوران بہت سے معاملات پر اتفاق ہوا، لیکن افسوس ہے کہ مسودے میں 4 مرتبہ تبدیلی بھی کی گئی، لیکن بعض امور پر اتفاق رائے نہ ہو سکا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، نیئر بخاری

خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ اور ایجنڈا کا پتہ نہیں

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ مسائل کا حل مذاکرات میں ہے خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ اور ایجنڈا کا پتہ نہیں ہے اگر ملک دشمنی میں کریں گے تو ادارے اپنا کام کریں گے ماضی میں بھی ڈی چوک میں دھرنا نہ کرنے کے لئے سپریم کورٹ کے واضح احکامات تھے اس کو نظر انداز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سیالکوٹ، وزیر دفاع خواجہ آصف دفتر میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

صومالیہ حادثہ، 3 میتیں اور 4 زخمی پاکستانی وطن روانہ

وزیراعظم کی ذاتی نگرانی، سفارتکاروں نے زخمیوں اور جسد خاکی کی کراچی روانہ کیے

لاہور/کراچی (صباح نیوز): وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر صومالیہ میں افسوسناک حادثے کا شکار ہونے والے جاں بحق پاکستانیوں کی میتوں اور زخمی شہریوں کی بحفاظت وطن واپسی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر تمام ضروری اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ سرکاری ترجمان کے مطابق، ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز (ET-694) کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، سعدر فیق

ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے، پی ٹی آئی دھرنا موخر کر دے، گفتگو

لاہور (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ صرف پنجاب نہیں چاروں صوبوں میں چھوٹے یونٹس بننے چاہئیں، پی ٹی آئی دھرنا موخر کر دے حکومت مذاکرات کیلئے مکمل اختیارات کے ساتھ بیٹھی تھی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی ہر سیاسی معاملے سے مقدم ہے، پی ٹی آئی کو فی الحال دھرنا موخر کر دینا چاہیے، حکومت مذاکرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جنگی سیداں مبینہ پولیس مقابلہ، کے بعد ڈاکٹرز پولیس افسران کو بریفنگ دے رہے ہیں

سکھر، حیدرآباد موٹروے، تعمیر اگلے ماہ شروع کرنیکا اعلان

منصوبہ سندھ اور پاکستان کی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، علیم خان

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے سکھر، حیدرآباد موٹروے ایم 6 کی تعمیر اگلے ماہ شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔علیم خان نے اپنے ٹوئٹ میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ 30 برسوں سے التوا کا شکار موٹروے ایم 6 کی تعمیر شروع ہونے جا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ ایم 6 جیسے تاریخی منصوبے کو عملی شکل دینے کا موقع مل رہا ہے۔وفاقی وزیر مواصلات نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ماسکو فارمیٹ، افغانستان بارے مشاورتی اجلاس آج ہوگا

پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے دیگر فریقین کے وفود شرکت کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ماسکو فارمیٹ کے تحت افغانستان سے متعلق آٹھواں مشاورتی اجلاس 5 اکتوبر کو ماسکو میں ہوگا۔سفارتی ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان اور افغانستان سمیت خطے کے دیگر فریقین کے وفود شرکت کریں گے اور افغانستان کی صورتحال اور خطے میں ہونے والی تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ذرائع کا کہنا تھا کہ افغانستان کے لیے پاکستان کے خصوصی نمائندے محمد صادق خان پاکستانی وفد کی سربراہی کریں گے، پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

افغان طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت مزید تیز

ڈائریکٹوریٹ ہیڈکوارٹر پر راکٹ حملہ، نائب قاری ناصر احمد سمیت 5 افراد ہلاک

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) سطح مظیمیوں افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ، بیٹمل انڈیپنڈنس فرنٹ اور نیشنل ریزسٹنس فرنٹ نے طالبان رجیم کیخلاف مختلف علاقوں میں حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔نیشنل انڈیپنڈنس فرنٹ افغانستان کے مطابق مزار شریف میں طالبان انٹیلیجنس ڈائریکٹوریٹ کے ہیڈکوارٹر پر راکٹ حملہ، نائب قاری ناصر احمد سمیت 5 افراد ہلاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ڈھاکہ، پاکستانی ہائی کمشنر عمران حیدر سے اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہا ہے

پختونخوا حکومت کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں، زاہد خان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹر سیاستدان سینیٹر زاہد خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے پاس اپنا کوئی اختیار نہیں، اس کی تاریں کابل سے ہلتی ہیں جبکہ کابل کے تار دہلی سے ہلتے ہیں۔اپنے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

جنگی سیداں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک شخص جاں بحق، کانسٹیبل زخمی

سنیچنگ کی واردات کے بعد فرار شخص اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) تھانہ نون کی حدود جنگی سیداں میں شیل پمپ کے بالکل سامنے سنیچنگ کی مبینہ واردات کے بعد فرار ہونے والے شخص اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ پولیس کانسٹیبل زخمی ہوگیا۔ذرائع کے مطابق ایک شخص موٹر سائیکل نمبر RIL-1946 پر مبینہ سنیچنگ کی واردات کے بعد موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

لاہور، مبینہ زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون ڈیانا نجی پرواز سے باکو روانہ

لاہور (آئی این پی) لاہور میں مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون ڈیانا نجی پرواز کے ذریعے باکو روانہ ہوگئی۔پولیس ذرائع کے مطابق ڈیانا کے ہمراہ 2 خواتین سمیت 3 پولیس افسران بھی ہیں۔گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ہری پور، چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ سردار یوسف، سینیٹر طلحہ محمود و دیگر کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

ہری پور میں ہزارہ کنونشن، صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ مزید زور پکڑ گیا

صوبہ ہزارہ عوام کا جائز اور آئینی حق۔ جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے نوجوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

ملک میں آبادی بڑھ چکی ہے اور موجودہ انتظامی ڈھانچہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے کافی نہیں، سردار یوسف و دیگر کا خطاب

ہری پور (سٹی رپورٹر) صوبہ ہزارہ تحریک کے رہنماء و سینیٹر طلحہ محمود کے زیر اہتمام ہری پور میں عظیم الشان ہزارہ کنونشن منعقد ہوا، جس میں چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک و وفاقی وزیر سردار محمد یوسف، سینیٹر طلحہ محمود، رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان، سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سردار صابر شاہ، سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی، سابق صوبائی وزیر قاضی اسد سمیت ہزارہ ڈویژن کے سیاسی، سماجی رہنماؤں اور عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ہری پور، چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ سردار یوسف، سینیٹر طلحہ محمود و دیگر کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

دیر لوئر میں ڈکیتی، فائرنگ، 2 کرنسی ڈیلر جاں بحق

مسلح افراد کرنسی ڈیلرز سے 12 کروڑ روپے چھین کر فرار ہوگئے

دیر (مانیٹرنگ ڈیسک) دیر لوئر میں میدان بائی روڈ پر ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 کرنسی ڈیلر جاں بحق ہوگئے۔پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ڈیلرز کی شناخت ناصر خان اور سلیم خان جان کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد کرنسی ڈیلرز سے 12 کروڑ روپے چھین کر فرار ہوگئے۔واقعے کیخلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

روزنامہ
Daily SHEHAR NAMA
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

حکومتی اخراجات کم کئے جائیں!

حکومت اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان جاری مذاکرات میں عالمی ادارے نے مطلوبہ محصولات کے حصول اور بجلی کی سبسڈی کو مکمل طور پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے ذریعے منتقل کرنے کی تیاری پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایم ایف کے مشن نے بدھ کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے حکام کے ساتھ مذاکرات مکمل کیے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق پاکستان نے پہلی سہ ماہی کے محصولات کا ہدف معقول حد تک پورا کیا باوجود اس کے کہ عالمی حالات کے باعث کاروباری حالات انتہائی مشکل تھے۔ آئی ایم ایف کے وفد نے پی ایس پی حکام کے ساتھ ایک اور سیشن میں نقد مالی معاونت میں قریباً 25 فیصد اضافے پر پیشرفت کا جائزہ بھی لیا۔ پاکستانی حکام نے وفد کو بتایا کہ صارفین کے ٹیرف سے ہٹ کر پاور سیکٹر کی ہدف شدہ سبسڈیز کو بی آئی ایس پی سکور کارڈ کے ذریعے منتقل کرنے کا کام جنوری 2027ء تک مکمل کر لیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ اقدام آئی ایم ایف کے اُس ساختی بینچ مارک کے مطابق ہے جو کہتا ہے کہ بڑی پالیسی اصلاحات 2027ء کے شروع تک مکمل کی جائیں۔ حکومت ورلڈ بینک کے ساتھ مل کر بجلی کے صارفین کو ایک قومی، سماجی اور اقتصادی رجسٹری سے منسلک کرنے جا رہی ہے جس میں اہلیت کے معیار کا تعین کیا جائے گا۔ یہ کام آئندہ ماہ کے آخر تک مکمل کر لیا جائے گا۔ آئی ایم ایف بھی یہی چاہتا تھا کہ وزیر اعظم کی اینڈھن سبسڈی کو بی آئی ایس پی کے ذریعے چلایا جائے۔ آئی ایم ایف چاہتا ہے کہ آئندہ قسط کے لئے سٹیٹ بینک آف پاکستان سخت مانیٹری پالیسی اختیار کرے تاکہ امریکہ اور ایران تنازعے کے باعث توانائی کی قیمتوں پر پڑنے والے اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔

دوسری جانب وزارتِ خزانہ کے مطابق عالمی تیل کی قیمتوں کی وجہ سے بڑھنے والا درآمدی بل معیشت کے لئے ایک اہم چیلنج ہے تاہم گاڑیوں اور گھریلو سیمنٹ کی ترسیل میں اضافے سے پیداواری سرگرمیاں بہتر ہوئیں جبکہ رواں سال کے ابتدائی زرعی اشاریے بھی مثبت رہے۔ وزارت کی رپورٹ کے مطابق مزدوروں کی رقوم میں اضافہ ہوا جبکہ انفارمیشن ٹیکنالوجی برآمدات میں مسلسل اضافے نے ملکی کرنٹ اکاؤنٹ کے خسارے کو کم کرنے میں مدد دی، مالی کارکردگی بھی حوصلہ افزاء رہی جہاں ٹیکس کی وصولی بنیادی طور پر اہداف کے مطابق رہی اور حالیہ اعداد و شمار میں بنیادی سرپلس دیکھنے میں آیا۔ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں اور اُمید ہے کہ پاکستان کو 2.1 ارب ڈالر کی قسط ملنے میں کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا تاہم عالمی مالیاتی فنڈ کے علاوہ بھی معاشی ٹیم کو اُن تمام تر اصلاحات کو جلد از جلد مکمل کرنا چاہئے جو ملکی معیشت کے لئے ناگزیر ہیں خاص طور پر قرض لینے کی رفتار کو آہستہ کر کے ختم کرنے پر کام کرنا چاہئے۔ ایک خبر کے مطابق بجٹ خسارہ پورا کرنے کے لئے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال سات ہزار 20 ارب روپے قرض لینے کا منصوبہ بنایا ہے جبکہ وزارتِ خزانہ نے 2026ء سے 2028ء تک کی تین سالہ قرض حکمت عملی بھی جاری کر دی ہے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق چھ ہزار 46 ارب اور بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کیے جائیں گے جبکہ رواں مالی سال نجکاری سے 161 ارب روپے حاصل ہونے کا تخمینہ ہے۔ وزارتِ خزانہ کی تین سالہ حکمت عملی کے تحت طویل المدتی فکسڈ ریٹ اور زیرو کوپن بانڈز کے اجراء کو ترجیح دی جائے گی جبکہ قلیل المدتی اور فلوٹنگ ریٹ والے قرض محدود رکھے جائیں گے۔ حکومت آسان شرائط پر طویل المدتی قرضوں، شرعی اصولوں کے مطابق بانڈز اور بینکوں کے علاوہ دیگر سرمایہ کاروں کی شمولیت کو ترجیح دے گی۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق قرض حکمت عملی پر عملدرآمد عالمی معاشی حالات، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور مالیاتی نظم و ضبط سے مشروط ہوگا۔

عالمی حالات پاکستان کے معاشی معاملات پر براہِ راست اثر انداز ہوتے ہیں کیونکہ ملکی معیشت میں کسی قسم کی مالیاتی گنجائش نہیں ہے جو عوام کے فائدے کے لئے استعمال کی جا سکے۔ اِسی وجہ سے یہ خبر بھی سامنے آ رہی ہے کہ حکام نے آئی ایم ایف کو یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور بین الاقوامی سطح پر خام تیل کی مہنگائی کا سارا بوجھ براہِ راست عوام پر منتقل کیا جائے گا۔ مسئلہ یہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کسی بھی ممکنہ اضافے کا اثر محض ایندھن تک محدود نہیں رہتا بلکہ اِس سے ٹرانسپورٹیشن، خوراک اور ہر بنیادی اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں روز اضافہ ہوتا ہے۔ حکومت اگرچہ کمزور طبقات کے لئے ٹارگٹڈ سبسڈیز متعارف کرانے کی بات کرتی ہے تاہم ایسی سبسڈیز ایک بڑے طبقے کو افراطِ زر کے اثرات سے بچانے میں ناکام رہتی ہیں۔ عوام کو پس ہی رہے ہیں لیکن اگر حکومت بھی قرض پر قرض لیتی چلی جائے گی تو معیشت شاید کبھی حقیقی استحکام حاصل نہ کر پائے۔ زیادہ شرح سود پر لیے گئے پرانے قرضوں کو کم شرح سے تبدیل کرنے یا سرمایہ کاری کے لئے قرض لیا جائے تو وہ تو فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے لیکن اگر اِس کا تصرف محض حکومتی اخراجات چلانے کے لئے ہو تو پھر یہ ملکی معیشت کو اُسی ڈیفالٹ کی طرف لے جاتا ہے جہاں چند سال پہلے ملکی معیشت کھڑی تھی۔ اُس وقت کی حکومت نے سخت فیصلے لیتے ہوئے سارے کا سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا جو وہ آج بھی بھگت رہے ہیں، یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے، اُسے کوئی ریلیف نہیں مل سکا۔ اِس کے برعکس حکومت اپنے اخراجات میں کسی قسم کی کمی کرنے کو تیار نظر نہیں آتی۔ معاشی اشاریے بہتر ہیں، کریڈٹ ریٹنگز میں بہتری آ رہی ہے لیکن معاشی معجزہ کہیں دیکھا جا سکتا جب تک ملک کی آمدن ملکی اخراجات سے زیادہ نہ ہو۔ ملکی معیشت میں استحکام کے لئے پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافہ لازم ہے۔ پاکستان نے سفارتی اور عسکری محاذوں پر بہت سی کامیابیاں سمیٹی ہیں لیکن جب تک وہ معاشی جنگ نہیں جیتے گا تب تک عام آدمی کو فائدہ حاصل نہیں ہو گا۔ معاشی محاذ پر بھی اُسی درجے کی سنجیدگی، عزم اور جارحانہ حکمت عملی کا مظاہرہ کرنا ہوگا جس طرح کی محنت سفارتی اور عسکری محاذوں پر کی گئی۔ آئی ایم ایف پروگرام معیشت کو عارضی سہارا تو دے سکتا ہے لیکن پائیدار معاشی خودانحصاری صرف اُسی وقت ممکن ہو پائے گی کہ جب پیداواری لاگت کم کر کے نہ صرف ملکی برآمدات بڑھائی جائیں بلکہ ملک میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری لائی جائے جبکہ حکومتی اخراجات کم کئے جائیں۔

بھارت کا بھانڈا پھوٹ گیا!

پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بھارتی فوج کے نئے فالس فلیگ آپریشن میں ایک "دہشت گرد" کو مارنے کے دعوے اور اُسے پاک فوج کے سپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) کے ریٹائرڈ حوالدار سے منسوب کرنے کی قلعی کھول دی۔ انہوں نے محمد آصف کو میڈیا کے سامنے پیش کر کے بھارت کا جھوٹ بے نقاب کر دیا۔ ڈی جی کی پریس کانفرنس کے دوران محمد آصف نے بتایا کہ وہ 2023ء میں ایس ایس جی سے ریٹائر ہوئے، اُنہیں دوست احباب کی کالیں موصول ہوئیں کہ وہ بھارت کے ہاتھوں مارے گئے ہیں۔ اُنہیں لے کر بھارتی میڈیا نے طوفان کھڑا کر دیا جس پر اُنہوں نے اپنی یونٹ سے رابطہ کر کے حقیقت بیان کی، جس کے بعد آئی ایس پی آر نے ان سے رابطہ کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی فوج کے دعوے کے مطابق اُس نے 29 ستمبر کو مقبوضہ کشمیر کے علاقے میں آپریشن کیا، اُسی رات بھارتی آرمی کی کور نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کی جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ اُنہوں نے ایک دہشت گرد مارا ہے جس کا تعلق لشکرِ طیبہ سے ہے اور اُس کی شناخت محمد آصف عرف ہاشم موسیٰ کے نام سے ہوئی ہے۔ بھارتی نیوز ایجنسی نے آصف کے سروس نمبر کے ساتھ تفصیلات کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مختلف بھارتی علاقوں پر حملوں کا ذمہ دار ہے۔

ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاکستان کو معلوم ہے کہ بھارت دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والا سب سے بڑا ملک ہے، اُس کی دہشت گرد تنظیموں کو فنڈنگ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، وہ سمجھتا ہے کہ ہر مسئلے کا حل دہشت گردی ہے، وہ اپنا مکروہ چہرہ چھپانے کے لئے دوسروں پر الزام لگاتا ہے اور پھر ایسے فالس فلیگ "ڈراموں یا فلموں" سے اپنی دہشت گردی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ بھی کہا کہ بھارت تو وہ ملک ہے جو اُس ابھی نندن کو ایوارڈ سے نوازتا ہے جس نے اپنا جہاز گرا لیا۔ پاکستان کا واسطہ ایسے ہمسائے سے ہے جو سمجھتا ہے کہ ہر چیز کو جھوٹ سے سنبھالا یا جا سکتا ہے، وہ کچھ کرنا چاہتا ہے تو میدان میں آ جائے لیکن یہ یاد رکھے پاکستان کا ردِعمل بہت سخت ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان کو افغانستان سے نہیں بلکہ طالبان حکومت سے مسئلہ ہے جس نے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے۔ لانگ مارچ سے متعلق سوال پر اُنہوں نے کہا کہ فوج کا سیاست سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، سیاست دان آپس میں معاملات طے کریں، ریاست ہے تو جمہوریت ہے۔ بھارت ایک منتشر اور انتہاء پسند ریاست کا روپ دھار چکا ہے جو اپنی داخلی ناکامیوں، معاشی ناہمواریوں اور اقلیتوں پر مظالم سے دنیا کی توجہ ہٹانے کے لئے مسلسل پاکستان مخالف بیانیے کا سہارا لے رہا ہے۔ نئی دہلی کا سفارتی اور میڈیا نیٹ ورک عرصہ دراز سے پاکستان کو بدنام کرنے، اُسے دہشت گردی سے جوڑنے اور عالمی سطح پر تنہا کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہے۔ جعلی خبروں، فیک نیوز نیٹ ورکس اور بین الاقوامی میڈیا میں پاکستان کے خلاف مسلسل زہر افشانی کے ذریعے بھارت نے ہمیشہ سچائی کا گلا گھونٹنے کی کوشش کی ہے تاہم تاریخ گواہ ہے کہ اُسے منہ کی کھانا پڑی۔ بھارت کی طرف سے سرجیکل سٹرائیکس کے کھوکھلے دعوے ہوں یا سرحد پار سے نام نہاد مداخلت کے من گھڑت ڈرامے، پاکستان نے ہمیشہ صابرانہ اور دلائل پر مبنی موقف اپنایا۔ عالمی برادری کو بھی معلوم ہو چکا ہے کہ بھارت ہی ہے جو خطے میں مسلسل اشتعال انگیزی اور جنگی جنون پھیلا رہا ہے۔



یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ خارجی اور عسکری محاذ کو تو پاکستان نے احسن طریقے سے سنبھالا ہوا ہے لیکن داخلی معاملات خصوصاً سیاسی تقسیم قابو آنے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ ایک دوسرے کو تسلیم نہ کرنے کی سیاسی روش نے ملک کو اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے، ایسے میں لانگ مارچ، احتجاج اور دھرنوں سے مسائل مزید بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ پاکستان پہلے دہشت گردی کو شکست دینے میں اِس لئے کامیاب ہوا تھا کہ اُس وقت تمام سیاسی جماعتیں یک زبان تھیں، اب مسئلہ یہ ہے کہ کہیں نہ کہیں اِن میں وہ اتحاد نظر نہیں آ رہا جس کی اِس جنگ کے خلاف ضرورت ہے، سیاسی اختلاف کو لے کر ایسے بیانیے بنائے جا رہے ہیں جن سے ملکی معیشت کے علاوہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو بھی نقصان پہنچتا ہے حالانکہ یہ سیاسی نہیں بلکہ قومی سلامتی کا مسئلہ ہے۔ سیاستدان اور سیاسی جماعتیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کا ملبہ بھی اداروں پر ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں۔ سیاسی جماعتوں کو اِدھر اُدھر کی گفتگو، الزامات، احتجاج اور دھرنوں کے بجائے اپنے معاملات آپس میں مل بیٹھ کر طے کرنا چاہئیں، ویسے ہی جیسے جمعہ کو اپوزیشن جماعتوں کے اکابرین نے حکومتی کمیٹی کے ساتھ بات چیت کی۔ فریقین مذاکرات کی میز پر بیٹھ گئے ہیں تو اُمید کی جانی چاہئے کہ دونوں ایک دوسرے کو اپنی اپنی بات سمجھانے میں کامیاب بھی ہو جائیں گے۔ سیاست افہام و تفہیم، لچک اور مذاکرات ہی کا نام ہے، وقت کا تقاضہ یہی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں میثاقِ معیشت اور جمہوریت پر متفق ہو جائیں، سیاسی اختلاف کو دشمنی میں بدلنے سے گریز کریں، اداروں کو سیاست میں گھسیٹنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اہل سیاست کو جھوٹے بیانیوں سے اجتناب کرنا چاہئے، ملکی معیشت اور بنیادی پالیسیوں کو سیاسی کشمکش سے آزاد رکھیں، سیاست کے اصول وضع کریں اور پھر ملکی مفاد کی خاطر ان پر ڈٹ جائیں۔ فریقین اگر مذاکرات کی میز پر بیٹھ گئے ہیں تو اُمید کی جانی چاہئے کہ وہ نہ صرف ایک دوسرے کا مؤقف سنیں گے بلکہ اپنی اپنی بات سمجھانے اور کسی قابلِ عمل نقطہ اتفاق تک پہنچنے میں بھی کامیاب ہوں گے۔ سیاست دراصل افہام و تفہیم، برداشت، لچک اور مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھنے کا نام ہے۔

دہشت اور وحشت!

پاکستان کی سیاست بھی عجب ہوگئی ہے لانگ مارچ سے سیاسی محاذ آرائی کے باعث دہشت سے عوام کو وحشت ہونے لگی ہے ایک طرف تو 2 حکومتی وفود PTI قیادت سے گفت وشنید کر رہے ہیں دوسری طرف کور کمانڈر کانفرنس نے واضح کیا ہے کہ پاکستان میں کسی بھی جواز پر پُرتشدد انتشار، لانگ مارچ یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے فیصلہ کُن طاقت اور قانون کیساتھ بلاامتیاز اور بلاجھجک نمٹا جائیگا پاکستان کیلئے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مخصوص عناصر کے ٹیرر کرائم گٹھ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے اسی تناظر میں تحریکِ انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیشِ نظر حکومت نے سیکیورٹی اقدامات کے تحت رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کر دی یہ توسیع 15 اکتوبر 2026ء تک کر دی گئی ۔ بعینہٖ تحریکِ انصاف کی قیادت مذاکرات بھی کر رہی ہے جس کے تحت بانی عمران خان کی رہائی، طبی سہولتوں کی فراہمی اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا ایجنڈہ مشروط ہے تو دوسری جانب PTI قیادت نے حکومت کے خلاف لانگ مارچ کی منظوری بھی دیدی ہے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ زندگی اور موت کا مسئلہ ہے، 1 دن میں 4 کروڑ روپے چندہ جمع ہو گیا فنڈز کیلئے کوئی مسئلہ نہیں ہوگا، لانگ مارچ کا آغاز چار اکتوبر کو کئی مروت سے ہوگا، پھر 6 اکتوبر کی صبح تخت پشاور پہنچیں گے وہاں سے صوابی کے لئے روانہ ہوں گے۔ سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ حکومت اور PTI قیادت نے اپنی اپنی حکمتِ عملی کے تحت فیصلے کر لئے ہیں فریقین دامن مست قلندر کیلئے تیار بیٹھے ہیں یقیناً اس وقت پورے ملک ہیجانی کیفیت ہے جس سے لوگوں میں زبردست خوف وہراس پھیلا ہوا ہے حکومت سے مذاکرات کے پہلے دور کے بعد ہونے والے پی ٹی آئی کی سیاسی وکور کمیٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی ہے ذرائع کے مطابق اجلاس میں بیرسٹر گوہر نے حکومت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات سے متعلق بریف کیا جبکہ سلمان اکرم راجہ نے بتایا کہ ایمرجنسی لگانے کا مکمل پلان نظر آتا ہے اجلاس میں شریک ارکان کی اکثریت کی رائے تھی کہ مذاکرات کا سلسلہ آگے بڑھایا جائے، حکومت مثبت پیش رفت کرتی ہے تو لانگ مارچ ختم کرنے کے بجائے تاریخ آگے بڑھائی جا سکتی ہے لیکن لانگ مارچ کے حوالے سے حکومت پر تحریکِ انصاف کو واضح نفسیاتی برتری حاصل ہے کیونکہ گذشتہ دو ہفتوں سے وفاقی دارالحکومت میں ہر چیز مفلوج ہو کر رہ گئی ہے ہزاروں سیکورٹی اہلکاروں کے خوراک، گرمی آرام اور دیگر مسائل نے ان کیلئے پریشانیاں اٹھنی کر کے رکھ دی ہے جس سے حکومت خوفزدہ ہے کہ اگر تحریک انصاف لانگ مارچ کی تاریخ پر تاریخ دیتی رہی تو اس کے اثرات پورے ملک پر حاوی ہو جائیں گے اسی لئے مشیر

وزیراعظم برائے سیاسی اُمور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ کسی صوبے میں گورنر راج لگانا ایک ناپسندیدہ عمل ہے، لانگ مارچ سے گریز کریں PTI نے لانگ مارچ کرنا ہے تو خیبر پختونخوا میں کرے یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن وفود کے درمیان مذاکرات شروع ہوتے ہی محسن نقوی نے کے پی حکومت اور سہیل آفریدی کیخلاف چارج شیٹ بتائی، محسن نقوی نے ٹی ٹی پی کے حملے اور امن وامان کو کے پی حکومت کی ناکامی قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق علامہ ناصر عباس نے کے پی حکومت اور سہیل آفریدی کیخلاف چارج شیٹ کو مکمل طور مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہم دہشتگردی پر نہیں بلکہ سیاسی معاملات پر بات کرنے آئے ہیں آپ مذاکرات کو دہشتگردی سے جوڑ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق علامہ ناصر عباس نے کہا کہ مسائل کا حل تب نکل سکتا ہے جب محمود اچکزئی اور میری ملاقات عمران خان سے ہوگی، اس پر پیپلز پارٹی کی شیری رحمان نے کہا کہ اس کی کیا گارنٹی کہ ملاقات کر لیں تو مسائل حل کر لیں گے، اس پر ناصر عباس نے کہا کہ ہم اس کی ذمہ داری لیتے ہیں جب ہماری بانی سے ملاقات ہوگی تو حالات بہتر ہونگے۔ سیاسی مبصرین مسلسل کہہ رہے ہیں ملک میں عدم سیاسی ومعاشی استحکام سے نت نئے مسائل پیدا ہو رہے ہیں ان حالات میں PTI کا لانگ مارچ، سیاسی بدامنی یا اداروں میں تصادم یا امن وامان کی صورت زیادہ خراب ہوئی تو یہ ملک کے لئے انتہائی خطرناک ہوگا اس لئے حکومت اور PTI دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاملات کو بہتر بنانے کے لئے ٹھوس انداز میں مذاکرات کریں حکومت کا فرض بنتا ہے کہ وہ اپوزیشن کے مطالبات پر ٹھنڈے دل و دماغ سے غور کر کے کوئی قابلِ قبول حل تلاش کرے کیونکہ سیاسی محاذ آرائی کے باعث دہشت سے عوام کو وحشت ہونے لگی ہے خدارا یہ تصادم اور اپنے ہی شہریوں پر گولیاں برسانا پاکستان کے مفاد میں نہیں۔

"بچھڑا" اور "بچھڑا"

دین فطرت اِسلام اور نبوت کے ظہور سے قبل انسانیت کے نجات دہندہ اور سرورِ کونین حضرت سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہٖ وبارک وسلم نے بدترین کافروں کو بھی اپنے اعلیٰ ترین" اوصاف حمیدہ" کا "گرویدہ" بنالیا تھا؛ مشرکوں کے نزدیک بھی ہمارے آقا صادق وامین تھے۔ جوں جوں لوگ دامن اسلام میں داخل ہوتے ہمارے آقا اپنی محبت، تربیت، صحبت اور نصیحت سے ان کی کایا پلٹ دیتے ۔ تاجدار انبیاء، امام الانبیاء اور خاتم الانبیاء حضرت سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہٖ وبارک وسلم نے اپنے مقرب صحابہ کرام کو بھی صادق، امین، صدیق، فاروق اعظم، اسداللہ اور سیف اللہ بنادیا۔ لہٰذا یاد رکھیں صحتمند اور سودمند تبدیلی کا آغاز ہمیشہ اوپر سے ہوتا ہے ۔بابائے قوم محمد علی جناحؒ نے اپنی شخصیت اور قیادت کے سحر سے ہندوستان میں مسلمانوں کے ہجوم کو ایک منظم ومتحد قوم جبکہ قیام پاکستان کے خواب کو زندہ حقیقت بنادیا تھا، ہمارے محبوب قائدؒ کی وفات کے بعد صوبائیت اور منافرت کے بھوت نے ہمیں ایک قوم سے پھر ہجوم بنادیا لہٰذا مزید صوبوں کے قیام سے پاکستان کا استحکام داؤ پر نہ لگایا جائے۔ ان شاء اللہ اگر قدرت نے ہمیں کوئی قائدؒ ثانی دیا تو وہ اپنی سچائی اور دانائی کے بل پر ہمارے ہجوم کو پھر سے ایک سیسہ پلائی قوم بنادے گا ۔ ہر قوم کی اجتماعی تبدیلی اور خوشحالی کیلئے ایک سچے کردار کا حامل قائد ناگزیر ہوتا ہے، ایسا قائد جو "زنانہ" اور "زمانہ" شناس بھی ہو۔ ہر کسی کو علم ہے موٹر وے پر ہمارا قانون کمپرومائز نہیں کرتا لہٰذا وہاں اور جی ٹی روڈ پر گاڑیاں ڈرائیو کرنیوالے شہریوں کے مزاج جبکہ نتائج میں زمین آسمان کا فرق واضح ہے۔ یادرکھیں سرکاری محکموں میں بدترین کرپشن کیخلاف آپریشن بھی صرف اس صورت میں کامیاب ہو سکتا ہے اگر کسی امتیاز کے بغیر اس کا آغاز اوپر سے کیا جائے۔ چھوٹی چھوٹی مچھلیاں بعد میں، ابھی مال کے خمار سے "مچھرے" اور "پھرے" ہوئے بڑے بڑے مگر مچھوں پر ہاتھ ڈالنا ہوگا ۔ "حکمران اشرافیہ" اور اس کی آشیرباد والی مخصوص "سول مافیا" کے بے رحم احتساب تک ہمارے سیاسی نصاب پر آسیب کا سایہ برقرار رہے گا۔ یقیناً آپ کی نظر نے بھی یہ منظر دیکھا ہوگا، بڑے مچھیرے بھی چھوٹی مچھلیاں دوبارہ سمندر کے اندر چھوڑ دیتے ہیں جبکہ جنگل میں "شیر" سمیت کئی خونخوار درندے "شیر خوار" جانوروں کا شکار نہیں کرتے ۔ جو نوعمر "بچھڑا" اپنی ماں سے "بچھڑا" ہوا سے زندہ چھوڑ دیا جاتا ہے۔

تعجب ہے ایک طرف نیب نامی ادارہ پچاس کروڑ سے نیچے والی کرپشن کیخلاف کوئی ایکشن نہیں لے سکتا جبکہ دوسری طرف محکمہ اینٹی کرپشن کاپٹواریوں، تھانیداروں اور ماتحت اہلکاروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ۔ چند ہزار کی رشوت تو قابل گرفت ہے لیکن ہمارے ریاستی اور سیاسی نظام میں کروڑوں، اربوں کی کرپشن میں ملوث کردار سرعام افتخار بنے ہوئے ہیں۔ اگر بوجوہ کوئی بڑا بدعنوان قانون کی گرفت میں آ بھی جائے تو نیب یا اینٹی کرپشن کے مخصوص حکام اس کے قیام وطعام کا انتظام کرتے ہوئے سرکاری سیل میں اس کے آرام کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے ۔ چند سال قبل بروز عیدالفطر نیب کے لاہور آفس میں نیب زدگان کیلئے پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا تھا اور اس کی باضابطہ پریس ریلیز بھی ایشو کی گئی تھی۔ جب "اشرافیہ" میں سے کوئی نیب کی گرفت میں آئے تو پھر ہر "شریف" کو ہتھکڑی لگائے بغیر عدالت میں پیش کیا جاتا ہے جبکہ اینٹی کرپشن کے جاری حالیہ آپریشنز کے دوران ماتحت اہلکاروں کو وہیں ہتھکڑیاں پہنا جبکہ ان کی ویڈیوز وائرل کر دی جاتی ہیں یعنی انہیں گرفتار کرتے وقت ان کی قسمت کا فیصلہ سنا دیا جاتا ہے، اگر اینٹی کرپشن کے اہلکاروں نے ملزم کو مجرم ڈکلیئر کرنا ہے تو پھر انصاف کے ایوانوں کا کیا کام رہ جائے گا۔ الحمدللہ میں اپنی تحریروں کی وساطت سے محکمہ پولیس میں تعمیری اصلاحات کیلئے تجاویز دیتا رہتا ہوں ، میں نے مختلف مقدمات میں گرفتار ہونیوالے عام شہریوں کی تصاویر میڈیا پر نشر نہ کرنے کی تجویز دی تھی کیونکہ گرفتاری کے وقت وہ ملزم ہوتے ہیں ان کا جرم ہونا نہ ہونا عدالت میں طے ہوتا ہے لہٰذا فوری طور پر اینٹی کرپشن کو رشوت کی رقوم کے ساتھ گرفتار ہونیوالے ملزمان کی تصاویر اور ویڈیوز میڈیا اور سوشل میڈیا پر نشر کرنے سے روکا جائے کیونکہ ہر باپ اپنے بچوں کا ہیرو ہوتا ہے۔ ملزمان کے چہروں کی شناخت ہونے سے پورے خاندان کی شہرت کو شدید نقصان پہنچتا ہے اور بدقسمت خاندانوں میں کئی بار خودسوزی کے دلخراش واقعات بھی رونما ہوتے ہیں لہٰذا ء کرپشن کیخلاف آپریشن کی آڑ میں انسانوں کو توہین کا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی کیونکہ کوئی انسان نہیں صرف اس کا گناہ قابل نفرت ہوتا ہے۔ تحقیقات کے بعد جس کا دامن واقعی کرپشن سے داغدار ہو اسے ضرور سخت ترین سزا دی جائے لیکن ملزمان کی "تصویر" اور "تشہیر" سے گریز کرنا ہوگا۔ بدقسمتی سے ان گرفتار ملزمان کی "تصویر" کو بھی ایک مخصوص شخصیت کی شہرت یعنی "تشہیر" کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ دنیا کا کوئی قانون کسی ملزم کو اپنی

صفائی کا حق دینے اور مجرم ڈکلیئر ہونے سے قبل سزا نہیں دے سکتا ۔ اینٹی کرپشن کی مدد سے جاری متنازعہ مہم جوئی کے پیچھے حکمران اشرافیہ کی باریک واردات کو باریک بین افراد کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکا، انہیں کہا کچھ اور گیا تھا لیکن کیا کچھ اور جا رہا ہے۔ پنجاب میں کرپشن کہانیاں اور آنیاں جانیاں مقتدر قوتوں کی بپتائی سے اوجھل ہیں، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے تو وہ اس غلط فہمی کی بندگلی سے باہر نکل آئے کیونکہ ہر گناہ اپنے نشانات ضرور چھوڑتا ہے ۔اگر کرپشن کی دنیا میں بظاہر کوئی "سائل" سٹیٹس نہ کرے تو پھر بھی "فائل" بن جاتی ہے اور یہ فائلیں اپنے مخصوص وقت پر ضرور کھلتی ہیں کیونکہ جہاں گل "کھلیں" گے وہاں فائلیں بھی ضرور "کھلیں" گی، ہماری ریاستی ایجنسیز عقاب کی نگاہ رکھتی ہیں ۔میں مبینہ کرپشن میں گرفتار ملزمان کے دونوں ہاتھوں میں ہتھکڑیاں دیکھتا ہوں تو مجھے ماضی کی ایک تصویر یاد آ جاتی ہے جس میں شفاف تحقیقات کے بغیر فیصل آباد کے دو سرکاری آفیسرز کو ہتھکڑیاں لگائی گئی تھیں۔

پاکستان میں 12 اکتوبر کی آمد آمد ہے، آج سے تیئس سال قبل اس روز ڈکٹیٹر پرویز مشرف نے منتخب حکومت پر شب خون مارتے ہوئے ریاست پاکستان کی باگ ڈور سنبھالی تھی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے عمائدین اس روز ایک دو گھنٹوں کیلئے رسمی طور پر یوم سیاہ مناتے ہیں تاہم انہوں نے پرویزی آمریت کی مخصوص سیٹوں والی باقیات کو آج بھی اپنے سینے سے لگایا ہوا ہے۔ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی ایک دوسری کی اتحادی ہیں تاہم ان کا اپنا اپنا "یوم سیاہ"، "یوم نجات" اور اپنا اپنا نجات دہندہ ہے، کئی نام نہاد نجات دہندہ سرکار کے نادہندہ بھی ہوتے ہیں۔ نواز شریف کے نزدیک ڈکٹیٹر ضیاء الحق اس کا محسن لیکن اگر ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کو دیکھیں تو نواز شریف کا محسن درحقیقت پیپلز پارٹی کا بدترین دشمن تھا لیکن پھر بھی دونوں پرانے سیاسی "شریک" آج شریک اقتدار ہیں ۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے 12 اکتوبر 1999ء سے چند روز قبل میاں نواز شریف نے بحیثیت وزیراعظم فیصل آباد میں کسی شہنشاہ کی طرح دو سرکاری آفیسرز کو ہتھکڑیاں پہنانے کا حکم صادر کیا تھا تاہم افتتاح "چھن" اور سیاسی طور پر دیوار میں "چن" جانے کے بعد زندان سے میاں نواز شریف نے اپنے کسی معتمد شخصیت کی وساطت سے ان دونوں آفیسرز کے ساتھ باضابطہ اظہار معذرت بھی کیا تھا۔ پنجاب میں ماہ "ستمبر" کو پٹواریوں، تھانیداروں اور ماتحت اہلکاروں کیلئے "سنگمر" بنا دیا گیا ہے۔ خاتون وزیراعلیٰ کے فرمان پر پنجاب بھر میں نچلی سطح پر کرپشن کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، چھوٹی مچھلیاں قانون کی گرفت میں لیکن بڑے مگر مچھ اینٹی کرپشن کے "ریڈار" اور اس کی "ری

















































































اسلام آباد، رہنماق لیگ ڈاکٹر امجد سے اقلیتی ونگ کے رہنما ارشد گل اور بشارت جاذبی ملاقات کر رہے

ڈاکٹر محمد امجد سے اقلیتی ونگ کے رہنماؤں کی ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال، پارٹی امور اور اقلیتی برادری کو درپیش مسائل پر گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) مسلم لیگ (ق) کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد سے اقلیتی ونگ کے رہنماؤں ارشد گل اور بشارت جذبی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، پارٹی امور اور اقلیتی برادری کو درپیش مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ اقلیتی برادری ملکی ترقی، استحکام اور قومی یکجہتی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ مسلم لیگ (ق) تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلنے اور اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ ارشد گل اور بشارت جذبی نے پارٹی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی ونگ پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ''ورلڈ ٹیچرز ڈے'' آج منایا جائیگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں اساتذہ کرام کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ایک امریکی ڈالر 26 لاکھ 88 ہزار ایرانی ریال کا ہوگیا

تہران (آئی این پی) ایران کی کرنسی ریال کی قدر میں مسلسل کمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد میں نائب کورٹس کے بڑے پیمانے پر تبادلے، ایک ہی سیٹ پر تعینات اہلکاروں میں کھلبلی

مبینہ ماہانہ وصولیوں کی گونج، اسلام آباد میں نائب کورٹس کے تبادلوں سے ہلچل

برسوں سے ایک ہی سیٹ پر بیٹھے اہلکاروں کے پر کتر دیے گئے، تبادلوں کا بڑا حکم جاری

نائب کورٹس کے تبادلوں سے کئی چہروں کی نیندیں اڑ گئیں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات پر کارروائی

ایک ہی نشست پر طویل تعیناتی عوامی شکایات رنگ لے آئیں، افسران کی تبدیلی کا بھی امکان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی سول عدالتوں اور اسسٹنٹ کمشنرز کی سطح پر نائب کورٹس کے حوالے سے مختلف علاقوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ایک ہی سیٹ پر طویل تعیناتی کے الزامات کے بعد ایک بڑے انتظامی فیصلے کے تحت (اے سیز) کے ماتحت تعینات نائب کورٹس کے تبادلوں کا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ اس فیصلے کے بعد نائب کورٹس کے کئی چہروں کی نیندیں اڑ گئیں اور کئی ایسے اہلکار جو برسوں سے ایک ہی سیٹ پر براجمان تھے، اچانک ان کے پر کتر دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق بعض نائب کورٹس کے خلاف شکایات کا امکان باخبر ذرائع کے مطابق بعض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بانی پی ایس این ڈاکٹر محمد افضل بابر کو پہلی برسی پر خراجِ عقیدت

درجنوں تعلیمی اداروں کے سینکڑوں طلبہ وطالبات کی شاندار شرکت اور صلاحیتوں کا مظاہرہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک (پی وے زون) کے زیر اہتمام سالانہ غیر نصابی سرگرمیوں کی شاندار اور پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ یہ تقریب پی ایس این کے بانی مرحوم ڈاکٹر محمد افضل بابر کی پہلی برسی کی مناسبت سے ان سے منسوب کی گئی، جس میں ان کی گراں قدر تعلیمی و سماجی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کے دوران منعقدہ حسنِ قرأت، حمد ونعت اور تقریری مقابلوں میں ہائی وے زون سے منسلک درجنوں سکولوں کے سینکڑوں طلبہ وطالبات نے بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ شرکت کی اور اپنی خدا داد صلاحیتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سی ٹی او راولپنڈی کا صحافی پر تشدد واقعہ کا نوٹس، ٹریفک وارڈن کو معطل

چارج شیٹ جاری کرنے اور واقعہ کے حوالے سے ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سی ٹی او راولپنڈی فرحان اسلم نے گوجرخان میں ٹریفک وارڈن کی جانب سے مقامی صحافی ومیڈیا سنٹر کے کوآرڈینیٹر یاور ملہوترا کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک اور تشدد کے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹریفک وارڈن کو معطل، چارج شیٹ جاری کرنے اور واقعہ کے حوالے سے ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت کر دی۔ سی ٹی او فرحان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

لاہور، موسم میں تبدیلی کے بعد خواتین لنڈے بازار سے گرم کپڑے تلاش کر رہی ہیں

مسلمانوں پر جان لیوا تشدد، مظالم جنیوا رپورٹ نے بھارت کو بے نقاب کر دیا

قانون سازی، پولیس کارروائیوں، جائیداد مسماری، فرقہ وارانہ تشدد، مذہبی آزادی، نفرت انگیز تقاریر جیسے معاملات کا احاطہ

رپورٹ میں دسمبر 2019 میں اتر پردیش میں شہریت ترمیمی قانون کے خلاف ہونے والے احتجاج کا بھی جائزہ لیا گیا

جنیوا (کے ایم ایس) بھارت میں مسلمانوں کے خلاف منظم امتیازی سلوک، تشدد، من مانی گرفتاریوں اور انسانی حقوق کی دیگر خلاف ورزیوں سے متعلق ایک نئی رپورٹ جنیوا میں پیش کر دی گئی ہے جس سے بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر ایک بار پھر سنگین خدشات سامنے آئے ہیں۔ 'غیر مساوی شہری: 2014 تا 2025 بھارت میں مسلمانوں کے خلاف منظم امتیازی سلوک اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں'' کے عنوان سے یہ رپورٹ ایڈی جنیوا نے مارچ 2026 میں شائع کی تھی۔ رپورٹ کی باقاعدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

علامہ مقصود سلفی تحریک اخوتِ اسلامی کے کنوینئر مقرر

قیام امن، بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے خدمات قابلِ تحسین، عنایت شاکر

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک اخوتِ اسلامی پاکستان کی تنظیم نو اور اسے مزید فعال ومؤثر بنانے کے سلسلے میں بانی وچیئرمین تحریک اخوت اسلامی پاکستان علامہ عنایت علی شاکر نے پاکستان کے معروف مسلم اسکالر علامہ مقصود احمد سلفی کو دو سال کی مدت کے لیے تحریکِ اخوتِ اسلامی پاکستان کا کنوینئر مقرر کر دیا ہے۔ اس موقع پر علامہ عنایت علی شاکر نے کہا کہ علامہ مقصود احمد سلفی کی اتحاد بین المسلمین، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

کومل بٹ کے سر سجا ''مس پاکستان 2026'' کا تاج

اینکرنگ سے بیوٹی کوئین، عالمی مقابلے میں پاکستان کا نام روشن کر دیا

بین الاقوامی اسٹیج پر کومل بٹ کی کامیابی، ''مس پاکستان 2026'' بن گئیں

خوبصورتی، اعتماد اور صلاحیت کا حسین امتزاج، کومل بٹ کی تاریخی کامیابی

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہر نامہ) پاکستانی اینکر کومل بٹ نے بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والی سالانہ بیوٹی پیجینٹ تقریب میں ''مس پاکستان 2026'' کا ٹائٹل حاصل کر لیا۔ تقریب میں انہیں ''مس پرفیکٹ'' کے اعزاز سے بھی نوازا گیا۔ کومل بٹ گزشتہ چار سے پانچ برس سے پاکستان ٹیلی ویژن اور وزارتِ اطلاعات ونشریات سے وابستہ ہیں اور بطور اینکر مختلف پروگرامز کی میزبانی کر چکی ہیں۔ اینکرنگ کے علاوہ کومل بٹ ڈراما انڈسٹری میں بھی کام کر چکی ہیں۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے کیٹرنگ سیٹ اپ میں بطور کنسلٹنٹ بھی خدمات انجام دی ہیں۔ مس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

کہوٹہ میں زہریلی جنگلی جڑی بوٹیوں کی بھرمار

کہوٹہ (نمائندہ شہر نامہ) کہوٹہ کے مختلف دیہی علاقوں میں زہریلی جنگلی جڑی بوٹیوں کی بڑھتی ہوئی افزائش نے مقامی آبادی کے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ ان جڑی بوٹیوں کے باعث گاؤں میں رہنے والے متعدد افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

شہداء اے پی ایس یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی نوشہرہ کی سنڈیکیٹ کا 26واں اجلاس

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) شہداء اے پی ایس یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی نوشہرہ کی سنڈیکیٹ کا 26واں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سعید بادشاہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

750 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی 15 اکتوبر کو قرعہ اندازی

راولپنڈی (آئی این پی) 750 روپے کے پرائز بانڈز رکھنے والے افراد کے لئے قرعہ اندازی کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور قومی بچت کے سالانہ شیڈول کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ہوٹل یونین پیرودھائی کی دائر درخواست پر فیصلہ سنا دیا گیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ہوٹل ایسوسی ایشن پیرودھائی کی جانب سے اپنے بنیادی کاروباری حقوق اور درپیش مسائل کے حل کے لیے لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ میں درخواست دائر کی گئی تھی جس کا فیصلہ سنا دیا گیا آئندہ ضلعی انتظامیہ ہوٹل بند کرنے سے قبل باقاعدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، دو ہفتوں کے دوران 498 ملزمان گرفتار

منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیاں تیز

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر اور بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری۔ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران 498 ملزمان گرفتار، منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیاں تیز۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر اور بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسل میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران جرائم پیشہ دعناصر، منشیات فروشوں اور اشتہاری اور عدالتی مفرور ملزمان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کی ٹیم کا پریس کلب بھارہ کہو کا دورہ

بھارہ کہو (نامہ نگار) اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کی ٹیم کا پریس کلب بھارہ کہو کا دورہ، جنرل سیکرٹری سردار سجاد طارق، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سکلی ملک، جوائنٹ سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 2)

ایران اور عراق کے نجف انٹرنیشنل ایئرپورٹ ماہ بین پروازوں کا سلسلہ بحال

بغداد (آئی این پی) ایران اور عراق کے نجف انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے درمیان پروازوں کا سلسلہ بحال کر دیا گیا ہے جس کا باضابطہ شیڈول جاری بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ابتدائی مرحلے میں 3 پروازیں چلائی گئی ہیں۔ آنے والے دنوں میں پروازوں کی تعداد بتدریج بڑھے گی۔ پروازوں کا شیڈول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

موبائل پولیس اسٹیشن و لائسننگ یونٹ کی سروس کا آغاز

9 اکتوبر کو گوجرخان کے علاقے بھائی خان میں پنک وین پہنچے گی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیسنگ اور لائسننگ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے موبائل پولیس اسٹیشن و لائسننگ یونٹ کی سروس کا آغاز کر دیا گیا، جس کے تحت 9 اکتوبر کو گوجرخان کے علاقے بھائی خان میں پنک وین پہنچے گی۔ جاری شیڈول کے مطابق پنک وین 9 اکتوبر کو صبح 11 بجے سے رات 8 بجے تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل افسران سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی جی سہیل چوہدری کی ہیڈکوارٹرز ڈویژن کے افسران سے ملاقات

سہولیات سمیت دیگر امور کا جائزہ بہترین کارکردگی پر انعامات اور ناقص کارکردگی پر احتساب کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) آئی جی اسلام آباد کا بہترین کارکردگی پر انعامات اور ناقص کارکردگی پر احتساب کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں ہیڈکوارٹرز ڈویژن کے افسران سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر وٹریننگ محمد عتیق طاہر، ڈی آئی جی سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 2)

اسلام آباد میں عظیم الشان ''صوبے بناؤ، ملک بچاؤ'' کنونشن کا انعقاد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد و صوبہ پوٹھوہار، بہتر انتظامی نظام اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے قرارداد منظور۔ تحریک استحکام پاکستان اسلام آباد کے زیر اہتمام اسلام آباد میں عظیم الشان ''صوبے بناؤ، ملک بچاؤ کنونشن'' کا انعقاد کیا گیا۔ کنونشن کے میزبان راجہ محمد ہارون دھنیال، صدر تحریک استحکام پاکستان اسلام آباد تھے۔ کنونشن کے مہمانِ خصوصی شہزادہ عثمان طاہر، بانی و چیئرمین تحریکِ استحکام پاکستان و استحکام پاکستان اوورسیز فورم تھے، جبکہ ڈاکٹر اظہر محمود اعوان، مرکزی سیکرٹری جنرل تحریک استحکام پاکستان نے بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

ایس پی خرم اشرف فیلڈ میں متحرک، مختلف گرجا گھروں کا دورہ، سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) ایس پی سٹی زون محمد خرم اشرف اتوار کے روز بھی فیلڈ میں متحرک۔ ایس پی سٹی زون نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

آئی جی اسلام آباد سے چیئرمین اے ڈی آر سی طیب نواز ملک کی ملاقات

کمیٹی کی کارکردگی اور عوامی فلاح کے اقدامات پر تفصیلی رپورٹ پیش کی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) دارالحکومت میں امن و امان، باہمی رواداری اور تنازعات کے پرامن حل کے فروغ کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری سے چیئرمین (اے ڈی آر سی) طیب نواز ملک نے ایک تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں اے ڈی آر سی کی اب تک کی کارکردگی، کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ اور پبلک سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کے امور پر غور کیا گیا۔ ملاقات کے دوران چیئرمین ADRC (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

الطاف بٹ کی صحافی سردار شوکت محمود خان کی رہائش گاہ آمد

والدہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور اہلِ خانہ سے دلی تعزیت

ماں محبت، شفقت اور خلوص کا بے مثال پیکر، اس کی جدائی ناقابلِ تلافی صدمہ، الطاف بٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ): جموں کشمیر سالویشن موومنٹ کے چیئرمین اور ممتاز کشمیری حریت پسند رہنما الطاف احمد بٹ نے سینئر صحافی اور اسلام آباد ٹوڈے کے چیف ایڈیٹر سردار شوکت محمود خان کی رہائش گاہ پر پہنچ کر ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا، فاتحہ خوانی کی اور اہلِ خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر الطاف احمد بٹ نے کہا کہ ماں محبت، شفقت، خلوص اور بے لوث پیار کا ایسا بے مثال پیکر ہے جس کا دنیا میں کوئی متبادل نہیں۔ ماں کی جدائی زندگی کا ایسا ناقابلِ تلافی صدمہ ہے جس کا خلا وقت گزرنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

ملکی ترقی کیلئے مظاہروں کی سیاست سے باہر آنا ہوگا، نیلسن عظیم

مذاکرات کے ذریعے مسائل کو حل کرنے کے لیے کوششوں کو سامنے لانا ہوگا

اسلام۔آباد (پ ر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت اور پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر نیلسن عظیم نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی کے لیے ہمیں دھرنوں جلاؤ گھیراؤ اور مظاہروں کی سیاست سے باہر آنا ہوگا، مسائل کا حل پر امن طریقہ زندگی کو اپنانے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی کوششوں کو سامنے لانا ہوگا، پاکستان مسلم لیگ ن ملک میں امن وامان کی خواہاں ہے جبکہ جمہوریت کے فروغ اور آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہیں، ملک میں اس وقت مہنگائی، غربت، بے روزگاری کے خاتمے کے لیے حکومت خاص پالیسیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ایصال ثواب مومنین کے لیے تحفہ برزخ ہے۔ علامہ ہاشم حقانی

نیک اولاد بھی صدقہ جاریہ۔ امت مسلمہ کو بعد وصال بھی ثواب پہنچایا جاتا ہے

راولپنڈی۔ (پ ر) ایصال ثواب مومنین کے لیے تحفہ برزخ ہے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ نیک اور صالح اولاد بھی صدقہ جاریہ ہے۔ امت مسلمہ کو بعد وصال بھی ثواب پہنچایا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم دین استاذ العلماء خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی ومہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد نے شکریال مدینہ ٹاؤن میں توصیف ستی، توقیر ستی، مجید ستی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 1)

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان انتخابات، راجہ محمد اقبال صدر منتخب

اسد ملک سیکرٹری جنرل، اور قدیر خان سیکرٹری اطلاعات ہو گئے، نتائج کا اعلان

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سال 2026-27 کے انتخابات کے حتمی نتائج جاری کر دیے گئے۔ انتخابی فہرست کے مطابق راجہ محمد اقبال نے 44 ووٹ حاصل کر کے صدر کی نشست جیت لی، جبکہ ان کے مدمقابل امیدوار نصیر بھٹی نے 21 ووٹ حاصل کیے۔ دیگر نتائج کے مطابق راجہ فیصل خان 53 ووٹ لے کر سینئر نائب صدر منتخب ہوئے نائب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

حرمین شریفین ہماری ریڈ لائن، حکومت تنازع کشمیر کے حل پر فوکس کرے، مولانا سعید یوسف

مدینہ منورہ پر حوثی باغیوں کا حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، حکومت عوامی مسائل کے حل پر توجہ دے

اڈیالہ، کرنل صبح صادق اور کرنل جاوید اختر ملک مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی (خبرنگار) جمعیت علماء اسلام جموں وکشمیر نے کہا ہے کہ نئی حکومت عوام کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کرے، مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

بلدیاتی الیکشن میں بھرپور حصہ لینگے، صبح صادق ملک

اڈیالہ (نامہ نگار) انشاء اللہ بلدیاتی الیکشن میں بھرپور حصہ لینگے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی، مولانا سعید یوسف، قاری جہانگیر نقشبندی و دیگر تربیتی کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت پاکستان

RISING PAKISTAN

کیبنٹ سیکرٹریٹ

اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل ڈویژن

وزیر اعظم آفس، دوسری منزل، کابینہ بلاک ایریا، اسلام آباد

اشتہار برائے خالی آسامیاں

اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل ڈویژن (SIFCD) کو PSDP کے مالی تعاون سے جاری انویسٹ پاکستان پروجیکٹ کے تحت اوپن میرٹ پر، کنٹریکٹ کی بنیاد پر درج ذیل آسامیوں کے لیے باصلاحیت، متحرک اور تجربہ کار پیشہ ور افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں:

نمبر شمار	عہدہ	پروجیکٹ پے سکیل	آسامیوں کی تعداد	زیادہ سے زیادہ عمر کی حد	تعلیمی قابلیت/تجربہ
1۔	مینیجر (ایچ آر و کوآرڈینیشن/ پروٹوکول)	PPS-10	1۔	62 سال	ایم اے/ایم ایس سی/ایم بی اے (متعلقہ شعبے میں 16 سالہ تعلیم) کے ساتھ کم از کم 8 سالہ پوسٹ کوالیفیکیشن تجربہ، جس میں ایچ آر، کوآرڈینیشن، پروٹوکول اور پروجیکٹ ہینڈلنگ/ایگزیکیوشن/تیاری میں 2 سال کا قائدانہ کردار شامل ہو۔ پبلک/پرائیویٹ سیکٹر کے ورکنگ میں مہارت، اور سرکاری/ایچ آر سمریز، پریزنٹیشنز اور رپورٹس تیار کرنے کے لیے بہترین مواصلاتی اور تحریری صلاحیتیں ہونا ضروری ہیں۔
2۔	ریسرچ ایسوسی ایٹ	PPS-07	1۔	45 سال	ایم اے/ایم ایس سی/ایم بی اے فائنانس/بی ایس (متعلقہ شعبوں میں 16 سالہ تعلیم)۔ ترجیحاً متعلقہ شعبے میں 3 سالہ پوسٹ کوالیفیکیشن تجربہ ہو۔ پبلک/پرائیویٹ سیکٹر کے امور کا علم، مالیاتی دستاویزات، پیپرز، سمریز، پریزنٹیشنز اور تجزیاتی رپورٹس تیار کرنے کے لیے اچھی مواصلاتی، تجزیاتی اور تحریری صلاحیتیں موجود ہوں۔

درخواست کے طریقہ کار کی تفصیلات:

- خواہش مند امیدوار SIFC کی آفیشل ویب سائٹ https://sifc.gov.pk پر 18 اکتوبر 2026 رات 11:59 بجے (پی ایس ٹی) تک آن لائن درخواست جمع کرائیں۔
- تفصیلی جاب ڈسکرپشنز https://jobs.sifc.gov.pk پر دستیاب ہیں۔
- تعلیمی قابلیت ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اور منظور شدہ مقامی/غیر ملکی یونیورسٹیوں/اداروں سے حاصل شدہ ہونی چاہیے۔
- اشتہار کی آخری تاریخ تک امیدوار کی عمر مقررہ زیادہ سے زیادہ حد سے تجاوز نہ کرتی ہو۔
- سرکاری ملازمین (ملازمت پیشہ یا ریٹائرڈ) پراپر چینل کے ذریعے درخواست دیں (متعلقہ محکمے سے این او سی کا پیش منسلک ہونا لازمی ہیں)۔

پی ایس ڈی پی کے مالی تعاون سے چلنے والے ترقیاتی منصوبوں کے لیے براہ راست بھرتی کیے جانے والے پروجیکٹ سٹاف کے کنٹریکٹ کی شرائط فائنانس ڈویژن کے O.M. نمبر 4(9)R-14/2024 اور پلاننگ کمیشن کے خط نمبر، PIA-I/PC/2021/24(7) مورخہ 05 مارچ 2026 کے مطابق ہوں گی۔

نوٹ:

- نامکمل یا تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔
- صرف اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والے شارٹ لسٹ شدہ امیدواروں سے ہی ٹیسٹ/انٹرویو کے لیے رابطہ کیا جائے گا۔ کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔
- شارٹ لسٹڈ شدہ امیدوار انٹرویو کے وقت اپنے اصل قومی شناختی کارڈ، تعلیمی و تجربے کی اسناد، ڈومیسائل، پولیس ویریفکیشن، میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اور آرمی ڈسچارج دستاویزات (اگر لاگو ہو) ساتھ لائیں۔

اسسٹنٹ مینیجر ایچ آر ٹیلیفون نمبر: 051-9204771

PID (I) No.3089/26